18-04-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 انتخابی کمیشن نے لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کے لیے نوٹفکیشن جاری کردیا ہے۔

2 کل لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کی پولنگ کے لیے تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ 102 پارلیمانی حلقوں کے لیے ووٹ ڈالے جائیں گے۔

3 جموں و کشمیر کے اننت ناگ ضلعے میں دہشت گردوں نے بہار کے ایک مزدور کو گولی مارکر ہلاک کردیا۔

4 بھارت دنیا بھر میں آبادی کے لحاظ سے چین کو پیچھے چھوڑتے ہوئے پہلے مقام پر آ گیا ہے۔

5 بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے آئندہ تین روز کے دوران اوڈیشہ، اور گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال میں شدید گرمی کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

6 اور ٹینس میں:

رافل نڈال ALEX DE MINAUR سے سیدھے سیٹوں میں شکست سے دوچار ہونے کے بعد بارسلونا اوپن سے باہر ہوگئے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

EC Fourth and Third Phase

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کے لیے نوٹفکیشن آج جاری کردیا گیاہے۔ 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں پھیلی 96 لوک سبھا سیٹوں کے لیے 13 مئی کو اس مرحلے کے تحت پولنگ ہوگی۔ امیدوار 25 اپریل تک اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کر سکتے ہیں۔

اس دوران لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے نامزدگی پرچے داخل کرنے کا کام کل ختم ہوجائے گا۔ دس ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں کی 94 پارلیمانی سیٹوں کے لیے 7 مئی کو اس مرحلے کے تحت پولنگ ہوگی۔x

Polling Story Intro

کل منعقد ہونے والے لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کی پولنگ کے لیے تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ اس مرحلے کے تحت 17 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام چار علاقوں میں پھیلے 102 حلقوں میں ووٹنگ ہوگی۔ لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے ایک ہزار 625 امیدوار میدان میں ہیں۔ کل شام اس مرحلے کے لیے زبردست انتخابی مہم ختم ہوگئی۔ پہلے مرحلے کے تحت، اروناچل پردیش، میگھالیہ، میزروم، ناگالینڈ، سکم، انڈومان و نکوبار جزائر ، لکشدیپ، پڈوچیری اورتمل ناڈو کے سبھی پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔
راجستھان کی 12 سیٹوں ، اترپردیش کی 8 سیٹوں، مدھیہ پردیش کی 6 سیٹوں، آسام اور مہاراشٹر کی پانچ۔پانچ سیٹوں، بہار کی چار سیٹوں، مغربی بنگال کی تین سیٹوں، منی پور کی دو سیٹوں اور چھتیس گڑھ، تریپور اور جموں و کشمیر میں ایک ایک سیٹ کے لیے بھی ووٹنگ ہوگی۔
لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے علاوہ اروناچل پردیش، اور سکم میں نئ قانون ساز اسمبلیوں کو منتخب کرنے کے لیے بھی کل واحد مرحلے میں پولنگ ہوگی۔x

Assam First Phase Poll

آسام میں انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے پولنگ عملے کو EVMs اور دیگر سازوسامان کے ساتھ پولنگ بوتھوں کے لیے روانہ کیا جا رہا ہے۔ ریاست کے پانچ حلقوں میں کل اِس مرحلے کے تحت انتخابات ہونے ہیں۔ اس مرحلے کے تحت کُل 35 امیدوار میدان میں ہیں۔ 86 لاکھ سے زیادہ ووٹرس اس مرحلے میں اپنے حق رائے دہی کا استعال کر سکتے ہیں۔ کچھ ایسے بھی مخصوص پولنگ مراکز ہوں گے جس کا تمام تر کام خواتین اور PWD افسران کے ذریعے انجام دیا جائے گا۔
ریاستی پولیس کے نوڈل افسر Prasanta Kumar Bhuyan نے بتایا کہ پہلے مرحلے کی پولنگ کے دوران 14 ضلعوں میں مرکزی نیم فوجی دستوں کی 106 کمپنیوں کو تعینات کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے بین ریاستی سرحدوں کو پہلے ہی سیل کردیا گیا ہے۔ جناب Bhuyanنے یہ بھی بتایا کہ اہم پولنگ بوتھوں پر مرکزی مسلح پولیس فورسز کو تعینات کیا جا رہا ہے۔x

Rajasthan LS First Phase

پہلے مرحلے کے تحت راجستھان میں 12 لوک سبھا سیٹوں پر پولنگ کے لئے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔
اِس مرحلے کے تحت گنگا نگر، بیکانیر، چورو، جھنجھنو، سیکر، جے پور، جے پور دیہات، الور، بھرتپور، کرولی دھولپور، دوسہ اور ناگوڑ پارلیمانی حلقوں میں کل ووٹ ڈالے جائیں گے۔

ریاست کے اعلیٰ چناوٴ افسر پروین گپتا نے کہا ہے کہ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کو یقینی بنانے کے لئے تمام تیاریاں مکمل ہوگئی ہیں۔ پہلے مرحلے میں 12 خواتین سمیت کُل 114 امیدوار چناوٴ میدان میں ہیں۔ اِس مرحلے کے تحت 2 کروڑ 54 لاکھ سے زیادہ رجسٹرڈ رائے دہندگان ہیں۔ اِن میں ایک کروڑ 33 لاکھ مرد جبکہ ایک کروڑ 20 لاکھ سے زیادہ خواتین اور 304 مخنث ووٹرس ہیں۔ سب سے زیادہ 22 لاکھ 88 ہزار رائے دہندگان جے پور لوک سبھا حلقے میں ہیں۔

CEC Vote Appeal Ist Phase

ایسے میں جب ملک کُل پہلے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے لئے پوری طرح تیار ہے، اعلیٰ چناوٴ کمشنر راجیو کمار نے ووٹروں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی جمہوری ذمہ داری کا ادراک کریں اور اپنے حق رائے دہی کا ضرور استعمال کریں۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے اعلیٰ چناوٴ کمشنر نے کہا کہ لوگوں کی معقول شرکت کی وجہ سے ہی ملک متعدد مرتبہ خوش اسلوبی اور باقاعدگی کے ساتھ اعلیٰ معیار کے انتخابات منعقد کرانے میں کامیاب رہا ہے۔ یہ کہتے ہوئے کہ انتخابات بھارت کی جمہوریت کا سب سے عمدہ اور خوبصورت اظہار ہے، جناب راجیو کمار نے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ پولنگ کے عمل میں انقلاب لانے کی قیادت کریں۔

جناب راجیو کمار نے کہا کہ 85 سال سے زیادہ عمر کے افراد اور معذور افراد اپنے گھروں سے ہی ووٹ ڈالنے کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ جناب کمار نے لوگوں کو مشورہ دیا کہ وہ گرمی کے دوران تمام احتیاطی اقدامات کریں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ملک کے رائے دہندگان کا جذبہ گرمی پر ضرور غلبہ پائے گا۔

Gujrat Amit Shah

سینئر BJP لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج گاندھی نگر لوک سبھا حلقے میں تین روڈشو کریں گے اور ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔ جناب شاہ جو گاندھی نگر لوک سبھا سیٹ سے BJP کے امیدوار ہیں کل اپنے کاغذات نامزدگی داخل کریں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ جناب شاہ احمد آباد ضلع کے Sanand قصبے میں پہلا روڈ شو جبکہ گاندھی نگر ضلع کے کلول قصبے میں دوسرا روڈ شو کریں گے۔ اُن کے تیسرے روڈ شو میں احمد آباد شہر کے اُن اہم علاقوں کا احاطہ کیا جائے گا جو گاندھی نگر لوک سبھا حلقے کا حصہ ہیں۔

BJP لیڈر اور اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر بھی آج گجرات میں پارٹی کے لیے چناوٴ مہم انجام دیں گے۔ جناب ٹھاکر ایک روڈ شو کریں گے اور آج جام نگر شہر میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔

دوسری جانب پنجاب کے وزیراعلیٰ بھگونت مان نے، جو گجرات کے دورے پر ہیں، کل عام آدمی پارٹی کے امیدوار Chaitar Vasava کی حمایت میں Bharuch میں ایک روڈ شو کیا۔x

Kerala Campaign

کیرالہ میں اب جبکہ پولنگ کے لیے صرف آٹھ دن باقی رہ گئے ہیں۔ ریاست کی تین بڑی سیاسی جماعتوں کے اتحاد LDF, UDF اور NDA کے رہنماؤں نے انتخابی مہم کو عروج پر پہنچا دیا ہے۔

کانگریس کے رہنما راہل گاندھی آج Kannur اور Kottayam میں انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔

کیرالہ کے وزیراعلیٰ اور LDF کے رہنما Pinaryi Vijayan آج Ponnani میں چار جگہوں پر انتخابی ریلی میں شرکت کریں گے۔

BJP کے صدر جے پی نڈا اور سی پی آئی۔ایم Politburo کی ممبر سبھاشنی علی کل Kottayam میں اپنے اپنے امیدواروں کی حمایت میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

K Chandrashekhar Rao ECI

BRS کے صدر کے چندر شیکھر راؤ کو آج دن میں 11 بجے تک چناؤ کمیشن کے ذریعے جاری کئے گئے نوٹس کا جواب دینا ہوگا۔ اُنہیں تلنگانہ میں حکمراں کانگریس پارٹی کے سیاسی لیڈروں کے خلاف قابل اعتراض تبصرے کرنے پر یہ نوٹس جاری کیا گیا تھا۔ انتخابی کمیشن نے سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کو اپریل کے پہلے ہفتے میں Siricilla میں ایک پریس کانفرنس کے دوران مبینہ طور پر قابل اعتراض بیانات دینے کے لئے نوٹس بھیجا تھا۔ چناؤ کمیشن نے زور دے کر کہا ہے کہ اگر مقررہ وقت کے اندر اُن کی طرف سے کوئی جواب موصول نہیں ہوتا ہے تو اُن کے خلاف مناسب کارروائی کی جائے گی۔

یہ پیشرفت تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے سینئر نائب صدر G-Niranjan کے ذریعے کی گئی شکایت اور اِس کے بعد اعلیٰ انتخابی افسر کے ذریعے سونپی گئی ایک رپورٹ کے بعد ہوئی ہے۔

Constituency Profile Rajnandgaon

لوک سبھا انتخابات کے دوران ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے اہم پارلیمانی حلقوں کے انتخابی منظرنامے کی سیریز کے تحت آج ہم چھتیس گڑھ میں واقع راج نند گاؤں لوک سبھا سیٹ سے متعلق ایک رپورٹ پیش کررہے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ یہ سیٹ بھارتیہ جنتا پارٹی اور کانگریس دونوں کے لئے ساکھ کا مسئلہ بن گیا ہے۔

چھتیس گڑھ کا شہر راج نند گاؤں اپنی خواندگی اور ثقافتی ورثے کی وجہ سے ریاست کی ثقافتی راجدھانی کے طور پر مشہور ہے۔ قومی اور بین الاقوامی سطح کے متعدد ہاکی کھلاڑی اِس شہر سے آئے ہیں۔ اِس طرح اِس شہر کو ہاکی کی نرسری بھی کہا جاتا ہ۔ اِس لوک سبھا حلقے کے لئے انتخاب ایک دلچسپ ہاکی میچ سے کم نہیں ہے۔ کانگریس نے ریاست

کے سابق وزیر اعلیٰ بھوپیش بھگیل کو یہاں سے میدان میں اتارا ہے جبکہ بھارتیہ جنتا پارٹی نے موجودہ رکن پارلیمنٹ سنتوش پانڈے پر دوبارہ اعتماد کیا ہے۔ اِس لوک سبھا سیٹ سے کُل 15 امیدوار اپنی قسمت آزما رہے ہیں۔ پچھلے تین لوک سبھا انتخابات کے دوران بی جے پی امیدواروں نے یہاں سے جیت حاصل کی ہیں۔ اِس لوک سبھا حلقے کے تحت آٹھ اسمبلی حلقے ہیں۔

پچھلے سال ہوئے اسمبلی انتخابات میں کانگریس امیدواروں نے پانچ اسمبلی حلقوں سے جیت حاصل کی تھی، جبکہ بی جے پی کے امیدوار 3 اسمبلی سیٹوں سے کامیاب ہوئے تھے۔ اِس لوک سبھا سیٹ کے متعدد علاقے مہاراشٹر کی سرحد پر واقع ہیں۔ اِن میں سے کچھ علاقے بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ ہیں۔ راج نند گاؤں پارلیمانی حلقے میں کُل 18 لاکھ 65 ہزار رائے دہندگان ہیں۔ اِن میں خواتین ووٹرس 9 لاکھ 36 ہزار ہیں جبکہ مرد ووٹرس 9 لاکھ 28 ہزار ہیں۔ راج نند گاؤں لوک سبھا سیٹ کیلئے پولنگ 26 اپریل کو ہوگی۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

J&K Terrorist Attack

کشمیر وادی میں جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلع کے Bijbehera علاقے میں Jablipora کے مقام پر دہشت گردوں نے ایک شخص کو گولی مارکر ہلاک کردیا۔شخص کی پہچان بہار کے رہنے والے راجو شاہ کے طور پر کی گئی ہے۔ حادثہ کے فوراً بعد پولیس اسے مقامی ہسپتال لے کرگئی جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسا۔

اس دوران سیکیورٹی اہلکاروں نے علاقے کی سخت گھیرا بندی کردی ہے اور اس دہشت گردانہ واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو پکڑنے کی کارروائی شروع کردی ہے۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے:

ادھر جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے اس دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی ہے۔

India Population UN'

بھارت دنیا بھر میں آبادی کے لحاظ سے پہلے مقام پر ہے۔ موجودہ تخمینے کے مطابق بھارت کی آبادی ایک ارب 44 کروڑ افراد پر مشتمل ہے۔ آبادی سے متعلق اقوام متحدہ فنڈ UNFPA کی ایک رپورٹ کے مطابق چین ایک ارب 40 کروڑ 25 لاکھ افراد کی آبادی کے ساتھ دوسرے مقام پر ہے۔ UNFPA نے بھارت کی آبادی میں اضافے کو ملک کے سماجی و اقتصادی حالات میں آئی بہتری اور زچگی کے دوران ماؤں اور بچوں کی شرحِ اموات میں کمی کے ساتھ جوڑا ہے۔ 2011 کی پچھلی مردم شماری کے مطابق بھارت کی آبادی ایک ارب 21 کروڑ تھی۔ اقوام متحدہ کے تخمینے کے مطابق چین کی آبادی 2022 میں ایک ارب 40 کروڑ 26 لاکھ تک پہنچ گئی تھی لیکن اِس کے بعد چین کی آبادی میں گراوٹ کا عمل شروع ہوگیا۔

بھارت کی آبادی اپریل 2023 کے آخر میں چین کی آبادی کے برابر ہوگئی تھی۔ ماہرین نے پیشگوئی کی ہے کہ چین کی آبادی اِس صدی کے آخر تک ایک ارب سے نیچے جاسکتی ہے۔ تاہم اگلی چند دہائیوں کے دوران بھارت کی آبادی میں اضافے کی توقع ہے۔

Bangladesh India Nepal Power

بنگلہ دیش کے خارجہ سکریٹری مسعود بن مومن نے بنگلہ دیش، بھارت اور نیپال کے درمیان ایک سہ فریقی بجلی کے معاہدے کو جلد مکمل کرنے پر زور دیا ہے۔ اِس معاہدے سے بنگلہ دیش کو ہمالیائی ملک نیپال سے بجلی درآمد کرنے میں مدد ملے گی۔

Rev. IMD Heat Wave

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے اگلے تین روز کے دوران اوڈیشہ اور گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال میں شدید گرمی کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ جھارکھنڈ، شمالی کونکن، سوراشٹر، مدھیہ مہاراشٹر، ساحلی آندھرا پردیش، تلنگانہ، تملناڈو، اور پڈوچیری میں بھی شدید گرمی کے حالات رہنے کا امکان ہے۔

IMD نے آئندہ دو سے تین روز کے دوران مشرقی اور جنوبی جزیرہ نما بھارت کے حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلیسیس کا اضافہ ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ اس دوران اوڈیشہ حکومت نے شدید گرمی کے حالات کے تناظر میں 18 اپریل سے 20 اپریل تک ریاست بھر کے سبھی پرائیویٹ اور سرکاری اسکولوں کو بند کرنے کا اعلان کیا ہے۔ موسمیات کے دفتر نے کل سے اتوار تک شمال مغربی بھارت میں گرج چمک، بجلی اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفر آباد، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ میں ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ IMD نے اگلے دو روز کے درمیان پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی میں میں‌دور دور تک اور کہیں کہیں بارش ہونے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔x

Tennis Barcelona Open

ٹینس میں، رافیل نڈال کل Barcelona میں Alex De Minaur سے سیدھے سیٹوں میں شکست کے بعد Barcelona اوپن سے باہر ہوگئے ہیں۔ چوتھے نمبر کے کھلاڑی De Minaur رافیل نڈال کو سات-پانچ، چھ-ایک سے شکست دینے کے بعد تیسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔ رافیل نڈال گزشتہ جنوری سے پہلا اور اِس سال کا اپنا دوسرا ٹورنامنٹ کھیل رہے تھے۔

IPL

کل رات ڈیلی کیپٹلس نے احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات Titans کو 6 وکٹ سے ہرا دیا۔
90 رن کے ہدف کو حاصل کرتے ہوئے ڈیلی کیپٹلس نے 8 اوورس اور پانچ گیندوں میں چار وکٹ کے نقصان پر 92 رن بنائے۔ رشبھ پنت کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔
آج چنڈی گڑھ میں شام ساڑھے سات بجے پنجاب کنگز کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔x

Chess Fide Candidates

شطرنج میں بھارت کے D Gukesh کل رات ٹورنٹو میں FIDE Candidates ٹورنامنٹ کے گیارہویں راؤنڈ میں امریکہ کے کھلاڑی Fabiano Caruana سے ڈرا میچ کھیلنے کے بعد مشترکہ طور پر دوسرے مقام پر چلے گئے۔ اب روس کے کھلاڑی Ian Nepomniachtchi پہلے مقام پر پہنچ گئے ہیں۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... توحید حقانی
شکریہ - شبانہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے لوک سبھا انتخابات سے پہلے مرحلے کی انتخابی مہم کے ختم ہونے کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔
ہندوستان ایکسپریس، روزنامہ پرتاپ، راشٹریہ سہارا اور انقلاب سمیت سبھی اخباروں نے 21 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں انتخابی مہم کے ختم ہونے اور 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جانے کی خبر کو پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔
اقوامِ متحدہ کی تجارتی اور ترقیاتی ایجنسی کی کی تازہ رپورٹ میں ملک کی شرح ترقی 6.5 فیصد رہنے کے امکان کی خبر کو روزنامہ پرتاپ نے پہلے صفحہ پر شائع کرتے ہوئے لکھاہے کہ ہندوستان کی ترقی کو مضبوط عوامی سرمایہ کاری سے تقویت ملے گی۔
روزنامہ راشٹریہ سہارا نے DRDO کے ذریعہ بھارت کی اگنی پرائم بلسٹک میزائل کے نائٹ ٹرائل کئے جانے کے کامیاب تجربہ کی خبر کو اندرونی صفحہ پر تفصیل کے ساتھ شائع کیا ہے۔

جبکہ موسمیاتی تبدیلی کے سبب عرب ممالک میں شدید بارش اور ریڈ الرٹ جاری کئے جانے کی خبر کو روزنامہ انقلاب نے عالمی خبروں کے صفحے پر شائع کیا ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 انتخابی کمیشن نے لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کے لیے نوٹفکیشن جاری کردیا ہے۔

2 کل لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کی پولنگ کے لیے تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ 102 پارلیمانی حلقوں کے لیے ووٹ ڈالے جائیں گے۔

3 جموں و کشمیر کے اننت ناگ ضلعے میں دہشت گردوں نے بہار کے ایک مزدور کو گولی مارکر ہلاک کردیا۔

4 بھارت دنیا بھر میں آبادی کے لحاظ سے چین کو پیچھے چھوڑتے ہوئے پہلے مقام پر آگیا ہے۔

5 بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے آئندہ تین روز کے دوران اوڈیشہ، اور گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال میں شدید گرمی کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

6 اور ٹینس میں:

رافل نڈال ALEX DE MINAUR سے سیدھے سیٹوں میں شکست سے دوچار ہونے کے بعد بارسلونا اوپن سے باہر ہوگئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------